ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

28-09-2021

**بہاول پور() چہلم حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے سیکیورٹی انتظامات مکمل،1200 کے قریب افسران اور جوان سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور،20 صفرالمظفر کے حوالے سے ضلع میں 12 جلوس اور 18 مجالس عزاء ہونگی،سیکیورٹی کے حوالے سے بہترین انتظامات کیے گئے ہیں،تمام نفری الرٹ ہے،قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تعاون اور دستیاب وسائل سے امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھا جائے گا،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی چہلم کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کے احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر چہلم کے موقع پر سیکیورٹی کے انتظامات مکمل کر کے سیکیورٹی پلان جاری کیا جا چکا ہے،چہلم 20 صفرالمظفر کے موقع پر 1200 کے قریب افسران و جوان سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہونگے جبکہ ضلع میں 12 جلوس اور 18 مجالس عزاء ہونگی،جلوسوں میں 1 اے،4 بی اور 7 سی کیٹگری کے ہونگے،اسی طرح مجالس میں 1 بی کیٹگری اور 17 سی کیٹگری کی ہونگی،جلوس اور مجالس پر ڈسٹرکٹ پولیس،ایلیٹ فورس،ڈولفن اسکواڈ،محافظ اسکواڈ،پنجاب کانسٹیبلری اور ٹریفک سٹاف کے علاوہ ویلنٹیئرز بھی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے،جلوس کے راستوں کو خاردار تاروں اور کناتوں سے سیل کیا جائے گا جبکہ بلند عمارات پر سنائپرز تعینات ہونگے،ڈی پی او نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ چہلم حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ بہاول پور میں امن وامان کو برقرار رکھا جا سکے،تمام شہریوں کی جان و مال کی حفاظت ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے،منتظمین جلوس اور شہری پولیس سے تعاون کریں،کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع متعلقہ تھانہ یا 15 پر دیں،ضلع میں تمام نفری الرٹ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کا تعاون بھی حاصل ہے تاکہ معاشرتی امن برقرار رہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

28-09-2021

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی پروفیشنل کمانڈ اور کامیاب پولیسنگ کا نتیجہ، تھانہ کینٹ پولیس اور سی آئی اے اسٹاف کی مشترکہ کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث بین الاضلاعی اجمل عرف اجی گینگ کے 02 کارندے گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی 30 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کی گئیں، اگر شہریوں کا چوری شدہ مال پولیس برآمد کر کے مالکان کے حوالے کر دے تو پولیس پر عوام کا اعتماد بحال ہوتا ہے، عوام اور پولیس کے درمیان فاصلے کم ہوتے ہیں، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس راؤ سردار علی خان کی "عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی پروفیشنل کمانڈ اور کامیاب پولیسنگ کے نتیجہ میں گاہے بگاہے پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری، تھانہ کینٹ پولیس اور سی آئی اے اسٹاف کی مشترکہ کارروائی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث بین الاضلاعی اجمل عرف اجی گینگ کے 02 کارندوں کو گرفتار کر لیا، لاکھوں روپے مالیتی 30 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں، ڈی ایس پی سٹی سرکل کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ کینٹ اور سی آئی اے اسٹاف کے افسران پر مشتمل ٹیم نے بہاول پور سٹی ایریا میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سراغ لگانے اور گرفتار کرنے کے لیے شب و روز کی محنت اور جدید سائنسی طریقہ کار کو اپناتے ہوئے اجمل عرف اجی کے مرکزی ملزم محمد یار اور محمد اعجاز عرف گینڈا کو گرفتار کر لیا، جو کہ نا صرف بہاول پور پولیس بلکہ پنجاب کے دیگر اضلاع لودھراں اور ملتان کو بھی مطلوب تھے، جبکہ دو مفرور ملزمان کی گرفتار کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں، گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر 26 لاکھ روپے مالیت کے 30 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں، جن کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا گیا، جنہوں نے پولیس کی پرفارمنس کو سراہتے ہوئے بہاول پور پولیس کو خراج تحسین پیش کیا اور اظہار کیا کہ ڈی پی او محمد فیصل کامران کی کمانڈ میں بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کر رہی ہے جس کے نتیجے میں آج ہمیں چوری شدہ موٹر سائیکلیں واپس ملیں ہیں، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ اگر کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا کھویا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک ٹاسک ہوتا ہے جس کو تھانہ کینٹ پولیس اور سی آئی اے اسٹاف نے بخوبی نبھایا ہے، ڈی پی او نے پوری ٹیم کی کارکردگی کو سراہا اور شاباش دی، اگر شہریوں کا چوری شدہ مال پولیس برآمد کر کے مالکان کے حوالے کر دے تو پولیس پر عوام کا اعتماد بحال ہوتا ہے، عوام اور پولیس کے درمیان فاصلے کم ہوتے ہیں

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران چہلم حضرت امام حسین کے حوالے سے جلوس کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

28-09-2021

# بہاول پور( ) تھانہ ڈیراور پولیس کی Child Abuse کیسز کے حوالے سے کارروائی، بچے سے زیادتی کا ملزم چند گھنٹوں میں گرفتار، مقدمہ درج، ایسے افراد کی وجہ سے معاشرہ بدامنی کا شکار ہوتا ہے، جس سے لوگوں میں خوف وہراس پھیلتا ہے، شواہد اور موثر تفتیش کرتے ہوئے سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی ،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر Child Abuse کیسز اور ان میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے حوالے سے تھانہ ڈیراور پولیس کی کارروائی ، بچے سے زیادتی کے ملزم کو گرفتار کرلیا، علاقہ تھانہ ڈیراور کی حدود میں ملزم محمد صادق نے اپنے ساتھی کے ہمراہ صوبہ بعمری 14/15 سالہ کے ساتھ زیادتی کی کوشش کی تھی اور موقع سے فرار ہو گیا تھا، جس پر تھانہ ڈیراور پولیس نے مدعی مقدمہ محمد رمضان کی درخواست پر فوری طور پر مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کیا، تھانہ ڈیراور کے تفتیشی افسر نے مقدمہ درج ہونے کے بعد ملزم محمد صادق کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا، ڈی پی او محمد فیصل کامران نے ملزم کی گرفتاری کے حوالے سے پیغام میں کہا کہ ایسے افراد کی وجہ سے معاشرہ بدامنی کا شکار ہوتا ہے، ملزم کو شواہد اور موثر تفتیش کرتے ہوئے سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی تا کہ کوئی بھی شخص آئندہ ایسی جرأت نہ کر سکے، ڈی پی او نے ضلع کے تمام ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایسے مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری عمل میں لائی جائے، اگر کسی پولیس افسر نے ان کیسز میں کوتاہی برتی تو اسکو ہرگز درگزر نہیں کیا جائے گا۔

جام محمد ساجد
ترجمان پولیس



بہاول پور() تھانہ ڈیراور پولیس کی Child Abuse کیسز کے حوالے سے کارروائی، بچے سے زیادتی کے ملزم کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا۔